سوال نمبر۔3504

منجانب:۔ **محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ ،رُکن صوبائی اسمبلی،صوبہ خیبر پختونخوا۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ میں شعبہ ایمرجنسی موجود ہے؟	جی ہاں
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال کی ریگولر بنیادیوں پر کام کر رہی ہے اگر نہیں تو کیا حکومت ایمرجنسی کو ریگولر بنیاد پر چلانے کیلئے تیار ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	اس سلسلے میں عرض ہے کہ شعبہ ایمرجنسی میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی جاتی ہے بعد ازاں مریض کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہاٹ ریفر کیا جاتا ہے کیونکہ ہسپتال ہذا میں بنیادی ضروریات مکمل نہیں ہے۔ایمرجنسی کو ریگولر بنیاد پر چلانے کیلئے مندرجہ ذیل شعبہ جات کا ہونا ضروری ہے۔ ۱۔ سرجیکل یونٹ ۔۔۔ ۲۔ کارڈیالوجی یونٹ ۲۔ برن یونٹ ۔۔۔ ۴۔ ارتھوپیڈک یونٹ ۵۔ میڈیکل یونٹ ۔۔۔ ۶۔ نیوروسرجری ۷۔ ائی سی یو ۔۔۔ ۸۔ایم۔آر۔ائی ۹۔ سی ٹی سکین ۔۔۔ ۱۰۔ڈیجیٹل ایکسرے